بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاجدارِ دکن کی خدمت میں ایک خط

فرمانروائے مملکتِ آصفیہ پر اللہ تعالیٰ کی بیشمار رحمتیں ہوں

امابعد! آج مسلمانوں کی جو کچھ حالت تباہ ہوئی ہے اس کا واحد سبب قرآن مجید کے علم و عمل کا فقدان ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ پھر جب تک اس کا سامان نہیں ہوتا یہی حالت رہیگی اور ممکن ہے کہ اس سے بھی زیادہ خراب ہو جائے

تاجدارِ دکن! اللہ بزرگ و برتر نے آپ کو اختیار دیا ہے کہ اپنے قلمرو میں مسلمان بچوں کے لئے قرآن مجید کی تعلیم معنی و مطلب کے ساتھ عام اور لازمی فرمادیں۔ نیز جامعہ عثمانیہ میں قرآنی علوم و فنون کی تعلیم کا خاص طور پر انتظام ہو۔

ہمارا ایمان ہے کہ شاہِ دکن کی مبارک زندگی میں اس سے بڑھ کر کوئی دوسرا مقدس، اہم اور ضروری کارنامہ نہ ہوگا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی اس سب سے بڑی مراد کو سلطان العلوم کے ذریعہ سے برلائے۔ آمین۔

فقیر ابو محمد مصلح